مسافرانِ آخرت

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

☆ حضرت میاں ظہیر الحق دین پوری سندھی رحمتہ اللہ علیہ: مرحوم نجیب الطرفین تھے حضرت خلیفہ غلام محمد دین پوری رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند، حضرت مولانا عبدالہادی دین پوری رحمتہ اللہ علیہ کے بھائی اور امام انقلاب مولانا عبیداللہ سندھی رحمتہ اللہ علیہ کے نواسے تھے۔ فکرِ شاہ ولی اللہ کے امین و فاضل دیوبند تھے۔ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۲۲ھ ۵ جون ۲۰۰۱ء کو انتقال کر گئے۔

☆ حضرت صوفی محمد اسلم صاحب رحمتہ اللہ علیہ: پاکستان سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ شریف لے گئے مولانا خیر محمد صاحب رحمتہ اللہ علیہ (محلہ حمزہ) کی قائم کردہ رباط مکی میں چوتھائی صدی سے زائد عرصہ اس امید و آرزو میں گزار دیا کہ مدینہ منورہ میں موت آ جائے اور جنت البقیع میں ٹھکانہ مل جائے۔ مجرد زندگی گزاری۔ چوبیس گھنٹے ان کا لنگر چلتا اور غرباء و مساکین کے ساتھ ساتھ سب کی خدمت و ضیافت میں مگن رہتے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت کرنے والا ایک عاشق صادق جس کی دعا پوری ہوئی اور ۱۳ ربیع الاول ۱۴۲۲ھ ۶ جون ۲۰۰۱ء کو انتقال کر گئے۔ جنت البقیع میں آسودۂ خاک ہوئے۔

☆ مولانا منظور احمد حجازی رحمتہ اللہ علیہ: عقیدہ ختم نبوت اور عظمت صحابہ کے مبلغ تھے تمام عمر اسلام کی تبلیغ میں گزار دی فقیر منش آدمی تھے گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔

☆ محترم ظہور الٰہی مرحوم: مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے صدر محترم سالار عبدالعزیز صاحب کے بھائی محترم ظہور الٰہی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے

☆ اللہ نواز خان خاکوانی مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیمی کارکن تھے۔ حضرت قائد احرار سید ابوذر بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے حلقۂ درس سے قرآن کے سامع تھے۔ حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے خطبہ جمعہ کے مستقل سامع اور مجلس احباب کے حاضر باش رکن تھے۔ جون کے آخری عشرہ میں ملتان میں انتقال کر گئے۔ ابن ابوذر حافظ سید محمد معاویہ بخاری دامت برکاتہم نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

☆ مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے مخلص کارکن حافظ عبدالرحیم نیاز چوہان کی خوشدامن صاحبہ مرحومہ

☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن محترم زبیر احمد کی ہمشیر مرحومہ

☆ مسجد ختم نبوت دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان کے مستقل نمازی اور ہمارے کرم فرما محترم غلام قادر خان مرحوم

☆ مجلس احرار اسلام بستی مولویاں کے قدیم کارکن صوفی محمد اسحٰق و حافظ محمد اسماعیل قمر کے چچا مولوی عبدالغفور پچھلے ماہ میں انتقال کر گئے

☆ محترم عبدالرحمٰن جامی کو صدمہ: مجلس احرار اسلام جلالپور پیروالہ کے مخلص کارکن محترم عبدالرحمٰن جامی کے دادا مولانا غلام یحییٰ نقشبندی اور ان کے سسر حافظ محمد صدیق نقش بندی گزشتہ مہینوں میں انتقال کر گئے۔

☆ ادارہ نقیب ختم نبوت کے تمام اراکین مرحومین کیلئے دعائے مغفرت اور پسماندگان سے اظہارِ ہمدردی و تسلی کرتے ہیں۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائیں اور حسنات قبول فرما کر مغفرت فرمائیں پسماندگان کو صبر عطا فرمائے آمین (ادارہ)

☆